علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

خزاں 2020 ٹرمینل امتحانات

سطح: بی اے / ایسوی ایٹ ڈگری	کل نمبر: 100
پرچہ: عمرانیات۔II (413)	کامیابی کے نمبر: 40/50

امتحان سے متعلق ضروری ہدایات

۱۔تمام سوالات حل کریں۔

۲۔تمام جوابات کو اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔کسی کتاب یا انٹرنیٹ سے نقل کرنے سے گریز کریں۔

۳۔تمام جوابات جامع ہونے چاہئیں۔غیر ضروری تفصیل سے گریز کرتے ہوئے جوابات کو 600 سے 800 الفاظ تک محدود رکھیں۔

۴۔پیپر کو کسی بھی سفید کاغذ پر حل کیا جاسکتا ہے۔ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ ہر صفحہ پر طالبعلم کا رولنمبر ،نام اور دستخط موجود ہونے ضروری ہیں۔

۵۔تمام طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ حل شدہ پرچہ جات ٹائم پر اپنے ٹیوٹرز کو پوسٹ کردیں تا کہ وہ ہر حالت میں 20 جون 2021 سے پہلے ٹیوٹرز حضرات کو مل جاہیں۔

۶۔مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے پرچہ جات کو قبول نہیں کیا جاے گا۔

نوٹ:- تمام سوالوں کے جوابات تحریر کریں۔

سوال نمبر	سوالات	نمبرز
سوال نمبر۔1	عمرانیات اجتماعی زندگی کے بارے میں باضابطہ علم کا نام ہے تحقیق کے ذریعے ہی معاشرتی زندگی کے بارے میں معلومات فراہم ہوتی ہیں جو کہ عمرانیات کا ایک لازمی جزو ہے عمرانیات کے دائرہ کار کو وسیع کرنے اور معاشرتی منصوبہ بندی میں تحقیق کی اہمیت کو مثالیں دے کر واضح کریں۔	30
سوال نمبر۔2	کسی معاشرے کی بقاء کیلئے ثقافتی اقدار پر عمل ناگزیر ہے ثقافتی اقدار کی تنزلی معاشرے میں بگاڑ اور مسائل کا سبب بنتی ہے اس تناظر میں پاکستان کے معاشرتی مسائل کی نشاندہی کریں اور ان کے ممکنہ حل کیلئے تجاویز پیش کریں۔	35
سوال نمبر۔3	کمیونٹی ڈیویلپمنٹ میں علاقے کے لوگوں کی سرگرمی شرکت ایک ایسا بنیادی عنصر ہے کہ اس کے بغیر یہ تصور ہی بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے اس تصور کو مدنظر رکھتے ہوئے شہری اور دیہی ترقی میں لوگوں (کمیونٹی) کے کردار پر روشنی ڈالیں اپنے جواب کو مثالیں دے کر واضح کریں۔	35

****